نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

25 جنوری 2011ء

برائے فوری اجراء

018/2011

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی سفارتخانہ کی جانب سے کاروبار اور ملازمت کے مواقع پیدا کرنے کیلئے اعانت

سفیر کیمرون منٹر کی جانب سے تیزی سے ترقی کرتی ہوئی 25 کاروباری کمپنیوں کی پذیرائی

اسلام آباد (25 جنوری 2011ء) ___ امریکی سفیر کیمرون منٹر نے پیر کی شب اپنی رہائش گاہ پر پاکستان فاسٹ گروتھ 25 مقابلے میں کامیابی حاصل کرنے والی کمپنیوں کے نمائندوں کے اعزاز میں ایک تقریب منعقد کی جس میں ان کے ملازمت کے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے کردار کو اجاگر کیا۔ پاکستان فاسٹ گروتھ 25 پاکستان میں تیزی سے ترقی کرنے والی کاروباری کمپنیوں کی رینکنگ ہے جس کا انعقاد آل ورلڈ نیٹ ورک نے ہارورڈ بزنس اسکول اور جے ایس بینک لمیٹڈ کے اشتراک سے کیا تھا۔

تقریب سے خطاب کے دوران امریکی سفیر نے کہا کہ آج ہم یہاں پاکستان کی پچیس کاروباری کمپنیوں کی کامیابی کی خوشی منا رہے ہیں۔ یہ کمپنیاں مواصلات، زراعت اور ٹیکسٹائل جیسے متنوع شعبوں کی نمائندگی کر رہی ہیں۔ انہوں نے نمایاں ترقی کی شرح حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ 12 ہزار نوکریوں کے مواقع بھی پیدا کئے۔ لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ انہوں نے جدت اور کاروبار کیساتھ ساتھ ایک عظیم قوم کے روشن مستقبل کی عکاسی کی ہے۔

اس تقریب کا انعقاد امریکی حکومت کی جانب سے پاکستان کی معاشی ترقی میں بھرپور تعاون کی جانب اٹھایا جانے والا ایک اور قدم ہے جس کا مقصد جدید رجحانات، روزگار کے نئے مواقعوں کی فراہمی اور ملکی معیشت میں نئی ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے والے اداروں کی حوصلہ افزائی کرنا بھی ہے۔

تقریب میں پاکستان کے وزیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ اور آل ورلڈ کے شریک بانی این جیبی نے بھی شرکت کی۔

ایک گروپ کی حیثیت سے پاکستان فاسٹ گروتھ 25 میں کامیابی حاصل کرنے والی کمپنیوں نے 2007ء سے 2009ء کے دوران 81 فیصد سالانہ شرح ترقی کے ساتھ آل ورلڈ کا ایسا ہی ریکارڈ آٹھ دیگر ممالک میں بھی توڑا ہے۔ یہ مقابلہ جیتنے والی کمپنیوں کو مشرق وسطیٰ، ایشیاء اور افریقہ سے آل ورلڈ کے فاتحین کے ساتھ رابطہ قائم کرنے اور نومبر 2011ء میں ہارورڈ یونیورسٹی کیمبرج، میساچیوسٹس، امریکہ میں ہونے والے آل ورلڈ سربراہ اجلاس میں شرکت کا موقع بھی ملے گا۔

پاکستان فاسٹ گروتھ میں کامیابی حاصل کرنے والی کمپنیوں کی مکمل فہرست درج ذیل ویب سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہے:

http://www.allworldlive.com/asia-500/winners/2011-pakistan-25.

###